......تاریخ......

......باب 1......

......وادیٔ سندھ کی تہذیب......

(3000 سے 2500 قبل مسیح)

......مشقی سوالات کے جوابات......

سوال 1: خالی جگہ پر کریں۔

i) وادیٔ سندھ کی تاریخ تقریباً.......... سال پر محیط ہے۔(پانچ ہزار)

ii) موہنجوداڑو اور ہڑپہ کے کھنڈرات ایک دوسرے سے .... کلومیٹر کے فاصلے پر ہیں۔ (پانچ ہزار)

iii) ماہرین کا خیال ہے کہ قدیم وادیٔ سندھ کے لوگ .... کی پوجا کرتے تھے۔ (دیوی دیوتاؤں)

iv) مذہبی لحاظ سے وادیٔ سندھ کی قدیم تہذیب اور جدید .... میں تعلق پایا جاتا ہے۔(ہندومت)

v) مرد اور خواتین .... کے زیورات پہنتے تھے۔(سونے چاندی)

سوال 2: صحیح جواب کا انتخاب کریں۔

i) وادیٔ سندھ کی تہذیب میں کس جانور کو اہمیت حاصل تھی؟

ا) گھوڑا ب) خچر ج) گائے ✓

ii) وادیٔ سندھ کی تہذیب کا علاقہ زیادہ تر کس ملک میں واقع تھا۔

ا) چین ب) امریکہ ج) پاکستان ✓

iii) وادیٔ سندھ کے لوگ سامان لانے لے جانے کیلئے کونسی چیز استعمال کرتے تھے۔

ا) ہوائی جہاز ب) ریل گاڑی ج) بیل گاڑی ✓

iv) وادیٔ سندھ کی تہذیب کا خاتمہ کب ہوا؟

ا) 3000ق م ب) 1500ق م ✓

ج) 500ق م

v) وادیٔ سندھ کی تہذیب کی بنیادوں پر کون سا سماج قائم ہوا؟

ا) عربی سماج ب) بنگالی سماج ج) آریہ سماج ✓

سوال 3: کالم ملائیں۔

کالم الف	کالم ب	کالم ج
لاڑکانہ	ہڑپہ	موہنجوداڑو
ماہرین	موہنجوداڑو	آثار قدیمہ
ساہیوال	پوجا	ہڑپہ
ماتا دیوی	کھدائی	پوجا
کھنڈرات	آثار قدیمہ	کھدائی

سوال 4: مختصر جواب لکھیں۔

i) تاریخ سے کیا مراد ہے؟

جواب: تاریخ علم کی وہ شاخ ہے جو ماضی کے واقعات کو محفوظ کرتی ہے اور ان کا تجزیہ کرتی ہے۔ تاریخ ماضی کے اہم حالات اور واقعات کے مطالعے کا نام ہے۔

ii) وادیٔ سندھ سے مراد کون سا علاقہ ہے؟

جواب: اس سے مراد پاکستان کا وہ علاقہ ہے جسے دریائے سندھ اور اس کے معاون دریا سیراب کرتے ہیں۔ چونکہ یہ تہذیب اسی علاقے میں پروان چڑھی اس لئے یہ وادیٔ سندھ کی تہذیب کہلانے لگی۔

iii) موہنجوداڑو اور ہڑپہ کن اضلاع میں واقع ہیں؟

جواب: موہنجوداڑو ضلع لاڑکانہ اور ہڑپہ ضلع ساہیوال میں واقع ہے۔

iv) وادیٔ سندھ کی تہذیب کتنے سال پرانی ہے؟

جواب: وادیٔ سندھ کی تہذیب کا زمانہ 2500 قبل مسیح سے 1500 قبل مسیح ہے۔ اس طرح یہ ایک ہزار سال بنتی ہے لیکن اگر موجودہ عیسوی سال یعنی 2010 بھی اس میں جمع کر دیئے جائیں تو یہ تین ہزار سال پرانی ہے۔

v) موہنجوداڑو اور ہڑپہ کے علاوہ وادیٔ سندھ کی تہذیب کے کھنڈرات پاکستان کے کن علاقوں میں دریافت ہوئے ہیں؟

جواب: وادیٔ سندھ کی تہذیب کے آثار مہر گڑھ (بلوچستان) اور رحمان ڈھیری (خیبر پختونخوا) میں بھی پائے گئے ہیں لیکن زیادہ مشہور موہنجوداڑو اور ہڑپہ کے کھنڈرات ہیں۔

vi) وادیٔ سندھ کے لوگ مکانات کی تعمیر میں کس قسم کی اینٹ استعمال کرتے تھے؟

جواب: وادیٔ سندھ تہذیب کے لوگ مکانات کی تعمیر کے لئے ایک ناپ کی پکی اینٹ استعمال کرتے تھے پکی اینٹوں کی دریافت سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس زمانے میں آتشی بھٹیوں کا رواج عام تھا۔

vii) ہڑپہ کے لوگ لمبائی ناپنے کے لئے پیمانے کی سب سے چھوٹی اکائی کتنی رکھتے تھے؟

جواب: لمبائی ناپنے کے لئے ہاتھی دانت پر بنائی گئی سب سے چھوٹی اکائی تقریباً 1.704 ملی میٹر کے برابر تھی۔

سوال 5: تفصیل سے جواب تحریر کریں۔

i) وادیٔ سندھ کے لوگوں کی سماجی زندگی پر بحث کریں؟

Info Hub HRMS SIS SED

Scanned with CamScanner

جواب: اس دور کے لوگ اپنے مردوں کو دفناتے تھے۔ وہ غسل کو بہت اہمیت دیتے تھے کیونکہ یہ ان کے مذہبی فرائض میں شامل تھا۔ تمام طبقوں کے مرد اور خواتین زیورات پہنتے تھے۔ انگوٹھیاں اور چوڑیاں مرد اور خواتین دونوں ہی استعمال کرتے تھے۔ کانوں کی بالیاں اور پازیب صرف عورتیں پہنتی تھیں۔ یہ زیورات سونے چاندی، ہاتھی دانت، تانبا اور پتھر سے بنائے جاتے تھے۔

ii) وادیٔ سندھ کے لوگوں کے اقتصادی نظام پر نوٹ لکھیں؟

جواب: وادیٔ سندھ کے لوگ بنیادی طور پر زراعت پیشہ تھے۔ یہ پہلے لوگ تھے جنہوں نے روئی اگا کر کپڑا بنانا شروع کیا۔ یہ لوگ گندم، پھلی اور جَو کی کاشت کرتے تھے۔ یہاں کے لوگ معاشی طور پر خوشحال تھے۔ ان کے اہم پیشے تجارت اور زراعت تھے۔ یہ لوگ اندرون ملک تجارت کے علاوہ دوسرے ممالک میں بھی تجارت کی غرض سے جایا کرتے تھے۔ خاص طور پر جواہرات دوسرے ممالک کو برآمد کرتے تھے۔ موہنجوداڑو کے آثار میں کھجور کی گٹھلیاں بھی ملی ہیں جو اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ لوگ خلیج فارس سے کھجور درآمد کرتے تھے۔ یہ لوگ سامان لانے اور لے جانے کے لئے بیل گاڑی استعمال کرتے تھے۔

iii) شہری منصوبہ بندی اور فن تعمیر پر نوٹ لکھیں؟

جواب: وادیٔ سندھ کی تہذیب کے لوگ فن تعمیر میں اچھی خاصی مہارت رکھتے تھے۔ یہاں شہر مکمل منصوبہ بندی کے تحت بنائے گئے تھے۔ تعمیر کے لئے ایک ناپ کی پختہ اینٹ استعمال کی جاتی تھی۔ ان شہروں سے سیسے، تانبے اور دھات کے نمونے ملے ہیں۔ موہنجوداڑو کی سڑکیں چوڑی اور سیدھی ہیں۔ شہر میں جگہ جگہ تالاب ہیں۔ ایک اسمبلی ہال اور درس گاہ بھی موجود ہے۔ گھروں کے نیچے گرمی سے بچنے کے لئے تہہ خانے بھی بنائے جاتے تھے۔

iv) وادیٔ سندھ کی تہذیب کے زوال کے اسباب بیان کریں؟

جواب: وادیٔ سندھ کی تہذیب 1500 قبل مسیح میں ختم ہوئی۔ ماہرین اس کے مندرجہ ذیل اسباب بیان کرتے ہیں۔

1) آریوں کے حملے اس تہذیب کے زوال اور خاتمے کا باعث بنے۔

2) قدرتی آفات مثلاً سیلاب اور وبائی امراض کے پھوٹنے سے یہ تہذیب فنا ہوئی۔

3) ماحولیاتی تبدیلی اور بڑے پیمانے پر درختوں کی کٹائی سے وادیٔ سندھ کی تہذیب کا خاتمہ ہوا۔

v) کیا وادیٔ سندھ کے لوگ پرامن تھے۔ وضاحت کریں۔

جواب: جی ہاں۔ وادیٔ سندھ کے لوگ پرامن تھے وہ جنگ و جدل کو ناپسند کرتے تھے۔ اور باہمی اتفاق، محبت اور مساوات کے ساتھ زندگی بسر کرتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ موہنجوداڑو کے کھنڈرات سے کوئی اسلحہ یعنی تلوار، ڈھال یا نیزہ وغیرہ برآمد نہیں ہوا۔ آریہ حملہ آوروں نے بڑی آسانی سے انہیں موت کے گھاٹ اتار دیا۔ جو بچے وہ اپنا گھر بار چھوڑ کر کہیں دور بھاگ گئے۔

......باب 2......

......آریہ قوم کا دور......

......مشقی سوالات کے جوابات......

سوال 1: صحیح اور غلط لکھیں۔

i) سکندر اعظم یونانی تھا۔ غلط / صحیح ✓

ii) موریہ خاندان کا سربراہ اشوک تھا۔ غلط ✓ / صحیح

iii) بدھ مت کا بانی چندر گپت تھا۔ غلط ✓ / صحیح

iv) جین مت ایک جدید مذہب ہے۔ غلط ✓ / صحیح

v) راجپوت بدھ مذہب کے پیروکار تھے۔ غلط ✓ / صحیح

سوال 2: صحیح جواب کا انتخاب کریں؟

i) گوتم بدھ کب پیدا ہوئے؟

i) 463 ق م ii) 563 ق م ✓ iii) 663 ق م

ii) جین مذہب کس شخص کی وجہ سے مشہور ہوا؟

i) گوتم بدھ ii) سکندر اعظم iii) مہاویر ✓

iii) پشکلاوتی کس شہر کا قدیم نام ہے؟

i) پشاور ii) سوات iii) چارسدہ ✓

iv) اشوکہ کب پیدا ہوا؟

i) 293 ق م ✓ ii) 393 ق م iii) 20 ق م

v) راجہ ہرش کتنے سال کی عمر میں حکمران بنا؟

i) 10 سال ii) 16 سال ✓ iii) 20 سال

سوال 3: کالم ملائیں

	کالم الف	کالم ب	درست جواب
(i)	برہمن	ویسالی	اعلٰے طبقہ
(ii)	سمتی	اسی برس	عام لوگوں کی مجلس
(iii)	گوتم بدھ کی عمر	حقیر طبقہ	اسی برس
(iv)	شودر	عام لوگوں کی مجلس	حقیر طبقہ
(v)	مہاویر	اعلیٰ طبقہ	ویسالی

سوال 4: مختصر جوابات لکھیں۔

i) لفظ آریہ کے کیا معنی ہیں اور آریہ کون لوگ تھے؟

جواب: لفظ آریہ کے معنی ہیں خوبصورت اور دلکش خدوخال رکھنے والی قوم،

ہندوستان کے قدیم باشندوں کے نسبت یہ زیادہ مضبوط اور قد آور تھے اس لئے آریہ کہلائے۔ یہ لوگ وسط ایشیاء کے رہنے والے تھے اور وہاں سے نقل مکانی کر کے ہندوستان میں آباد ہوئے۔

(ii) آریہ کس راستے سے برصغیر پاک و ہند میں داخل ہوئے؟

جواب: مورخین کی رائے ہے کہ آریوں کا تیسرا گروہ کوہ ہندوکش کے دروں درہ خیبر، درہ خوجک اور کوہ سلیمان کے راستے برصغیر پاک و ہند میں داخل ہوا۔ جو آریہ برصغیر پاک و ہند میں داخل ہوئے وہ انڈس آرین کہلائے۔

(iii) بدھ مت کے بانی کا نام کیا تھا؟

جواب: بدھ مت کے بانی کا نام دسارتھ تھا۔ وہ کپل وستو کا شہزادہ تھا۔

(iv) جین مت کے تین بنیادی اصول بیان کریں؟

جواب: جین مت کے تین بنیادی اصول مندرجہ ذیل ہیں۔

(i) جاندار چیزوں کو زخمی نہ کرنا (ii) جانوروں کی قربانی نہ کرنا
(iii) تشدد نہ کرنا

(v) ہندوؤں کی ذات پات میں کتنے طبقے تھے؟

جواب: ہندوؤں کی ذات میں مندرجہ ذیل چار طبقے تھے۔

(1) برہمن (2) کھشتری (3) ویش (4) شودر

(vi) سکندر اعظم نے کون کون سے علاقے فتح کیے؟

جواب: سکندر اعظم نے دریائے سندھ کو ہنڈ (صوابی) کے مقام سے عبور کیا اور ٹیکسلا کو فتح کیا۔ دریائے جہلم کے قریب اس نے پورس کو شکست دی۔ اس کے بعد وہ دریائے چناب اور راوی کے درمیانی علاقے پر قابض ہوا۔ اور اس نے دریائے بیاس کا علاقہ فتح کرلیا۔ اس کی فوج نے آگے پیش قدمی سے انکار کر دیا اور وہ واپس مقدونیہ جا رہا تھا کہ راستے میں مر گیا۔

(vii) گندھارا دور کے تین اہم شہر کون کونسے تھے؟

جواب: گندھارا دور کے تین اہم شہر پرش پور (پشاور) ٹکشا ٹیلا (ٹیکسلا) اور پشکلاوتی (چارسدہ) تھے۔

(viii) نو تا بارہ صدی کی راجپوت ریاستوں کے نام لکھیں؟

جواب: ان ریاستوں کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

میواڑ۔ جون پور۔ خاندیش۔ کشمیر۔ وجیانگر۔ بہمنی۔ اجمیر جے پور۔ مروار۔ گجرات۔ قنوج۔ بنگال۔ وبہار۔ بندھیل۔ مالوہ اور ہریانہ (دہلی)

سوال 5: مندرجہ ذیل کے تفصیلی جوابات لکھیں۔

(i) برصغیر میں آریوں کی آمد کے بارے میں تحریر کریں؟

جواب: آریوں کی برصغیر میں آمد:

آریاؤں کے اصل وطن کے بارے میں مورخین کی مختلف رائے ہے لیکن اس کے باوجود اس بات کے واضح ثبوت موجود ہیں کہ ان کا اصل وطن وسط ایشیا (باختر) ہی تھا جہاں سے وہ ہجرت کر کے بلخ (افغانستان) چلے گئے۔ جب ان کی آبادی اس علاقے میں بڑھ گئی تو ایک گروہ نے یورپ کا رخ کیا۔ دوسرا گروہ ایران گیا اور تیسرا گروہ 2000-1500 قبل مسیح کے دوران ہجرت کر کے کوہ ہندوکش کے دروں درہ خیبر اور درہ خوجک کے راستے برصغیر پاک و ہند میں داخل ہوا۔ مورخین کی اکثریت اس بات پر متفق ہے کہ جو آریہ برصغیر پاک و ہند میں آباد ہوئے وہ انڈس آرین کہلائے۔

ابتدا میں آریہ قوم صوبہ خیبر پختونخواہ اور پنجاب میں رہنے لگے جب ان کی آبادی بڑھنے لگی تو یہ لوگ مشرق کی طرف بڑھے اور مزید علاقوں پر قبضہ کر کے رفتہ رفتہ پورے شمالی برصغیر میں پھیل گئے۔ انہوں نے جمنا اور گنگا کی زرخیز وادیوں پر قبضہ کرلیا۔

(ii) ہندومت کے عقائد یا عبادات بیان کریں؟

جواب: ہندومت:

وہ تمام لوگ جو مظاہر قدرت یعنی سورج، چاند، ستارے اور مختلف قسم کے دیوتاؤں کی پوجا کرتے ہیں انہیں ہندو کہا جاتا ہے۔ ہندو ایک خدا کی پرستش نہیں کرتے بلکہ ہر وہ چیز جو انہیں فائدہ پہنچاتی ہے مثلاً گائے وغیرہ یا نقصان پہنچاتی ہے مثلاً کوبرا سانپ سب کی عبادت کرتے ہیں۔ ہندوؤں کی عبادت گاہ کو مندر کہتے ہیں لیکن آجکل تقریباً ہر امیر ہندو نے اپنے ہی گھر میں مندر بنالیا ہے۔ ہندوؤں کی مذہبی کتابوں کے نام وید رامائن اور گیتا وغیرہ ہیں اور وہ اس کا باقاعدگی سے پاٹھ کرتے ہیں۔

ہندو عام طور پر صبح سویرے نہانے کے بعد دیا جلا کر بت کے سامنے کھانے پینے کی چیزیں رکھ کر ماتھے پر تلک لگاتے ہیں اور منتر پڑھتے ہیں۔ ہندو سال میں کئی تہوار مناتے ہیں مثلاً دسہرا، دیوالی اور ہولی، ہندومت کے کئی فرقے ہیں۔ ہندو اپنے مردوں کو جلاتے ہیں۔ دفن نہیں کرتے۔ بنارس ان کا متبرک شہر اور گنگا متبرک دریا ہے۔

(iii) جین مت کے اہم نکات بیان کریں؟

جواب: 1) جین مت بھی بدھ مت کی طرح ذات پات کی تقسیم کے سخت خلاف ہے۔ ان کے مذہبی عقیدے کے مطابق تمام انسان برابر ہیں۔ ان میں نہ کوئی اونچی ذات والا ہے اور نہ ہی کوئی حقیر ذات والا ہے۔

2) جین مت عدم تشدد کا حامی ہے وہ کسی بھی جاندار کو نقصان پہنچانے کے سخت خلاف ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جین مت والے اپنے منہ پر کپڑے کی پٹی لگا کر رکھتے ہیں تاکہ ہوا میں موجود کوئی جراثیم ان کے منہ میں آکر مر نہ جائے۔

3) جینی ایک خدا کے وجود کے منکر ہیں۔ وہ مہاویر (جین مت کے بانی) کی تصویر یا بت کی عبادت کرتے ہیں۔

4) یہ لوگ بھی مسئلہ آواگون کے قائل ہیں یعنی مرنے کے بعد انسان کی

Scanned with CamScanner

روح دوبارہ کسی اور قالب میں جنم لیتی ہے۔ اگر پہلے جنم میں اس نے اچھے عمل کئے ہیں تو وہ دوسرے جنم میں کسی اچھی حالت میں پیدا ہوگا اور اگر برے عمل کئے ہیں تو کسی جانور کی شکل میں پیدا ہوگا۔

(5) یہ بھی اپنے مردوں کو ہندوؤں کی طرح جلاتے ہیں۔

(iv) بدھ مت اور ہندومت میں فرق واضح کریں؟

جواب: بدھ مت اور ہندومت میں مندرجہ ذیل فرق ہے۔

	ہندومت	بدھ مت
1	ذات پات کے نظام کو اہمیت دیتا ہے۔	ذات پات کے نظام کے خلاف ہے
2	براہمنوں کو اعلیٰ سماجی اور مذہبی مقام حاصل ہے	برہمنوں کی مذہبی اجارہ داری کے سخت خلاف ہے
3	ہندو رسمیں فضول خرچی کا سبب ہیں	ایسی تمام رسومات جو فضول خرچی کا سبب ہوتی ہیں، موجود نہیں ہیں
4	وید کو الہامی کتاب مانتے ہیں	وید کو الہامی کتاب نہیں مانتے ہیں
5	دیوتا کی عبادت کرتے ہیں	خدا کے وجود سے منکر ہیں
6	جانوروں کی قربانی کرتے ہیں۔	جانوروں کی قربانی کے خلاف ہیں
7	ایک مخصوص نجات دہندہ کا تصور موجود نہیں	بدھ کو اپنا نجات دہندہ مانتے ہیں

(v) چندر گپت موریہ کی خدمات کیا تھیں؟ وضاحت کریں۔

جواب: چندر گپت موریہ:

چندر گپت پاٹلی پتر (پٹنہ) میں پیدا ہوا تھا۔ اس کی ماں کا نام مورا تھا۔ اسی نسبت سے اسے موریہ کہا جاتا ہے۔ پٹنہ پر نندا خاندان کی حکومت تھی۔ چندر گپت سکندر اعظم کے پاس مدد لینے کے لئے گیا تاکہ وہ نندا خاندان سے اپنی حکومت واپس لے سکے۔ سکندر اعظم کس بات سے ناراض ہوگیا۔ اس نے چندر گپت کو قید کرنے کا حکم دیا۔ چندر گپت وہاں سے بھاگ گیا۔ اس نے بھگوڑے ہندوستانی سپاہیوں کو اکٹھا کر کے ایک چھوٹی سی فوج بنائی اور لوٹ مار شروع کر دی۔ جب سکندر اعظم واپس چلا گیا تو اس نے مفتوحہ علاقوں میں یونانیوں کو شکست دے کر بڑے علاقے پر قبضہ کر لیا۔ بعد میں اس نے نندا خاندان کو شکست دی اور اس طرح وہ ایک وسیع سلطنت کا حکمران بن گیا۔

چندر گپت موریہ کی خدمات:

درج ذیل وجوہات کی بنا پر چندر گپت موریہ کو تاریخ میں ایک اہم مقام حاصل ہے۔

1) چندر گپت موریہ نے سکندر اعظم کے جرنیل سلیوکس کو شکست دے کر یونانیوں کو ہندوستان سے نکال دیا۔

2) نندا خاندان کی جابرانہ حکومت کا خاتمہ کیا۔

3) ایک موثر سول اور فوجی نظام قائم کر کے برصغیر کو متحد کیا۔

4) دیگر ممالک کے ساتھ سفارتی تعلقات قائم کئے۔

5) بدھ مت کو ترقی حاصل ہوئی اور وہ برصغیر سے باہر بھی پھیل گیا۔

6) اس کے دور میں تجارت کو بڑا فروغ حاصل ہوا۔

(vi) خودمختار ریاستوں پر ایک جامع نوٹ لکھیں؟

جواب: راجپوت ہندوستان کی ایک مضبوط اور بہادر قوم کا نام ہے۔ راجپوت کا مطلب ہے راجہ کا بیٹا اس لئے راجپوت اپنے آپ کو راجاؤں کی اولاد سمجھتے تھے۔ راجہ ہرش کی موت کے بعد ہندوستان سیاسی انتشار کا شکار ہوگیا۔ اس افراتفری سے فائدہ اُٹھا کر راجپوتوں نے اپنی اپنی خودمختار ریاستیں قائم کرلیں۔ ان میں میواڑ، جون پور، خان دیش، کشمیر، وجیانگر، اجمیر، جے پور، گجرات، قنوج، بنگال و بہار، بندھیل کھنڈ، مالوہ اور ہریانہ (دہلی) شامل تھیں۔

ان میں سے اکثر ریاستیں سلطان محمود غزنوی اور محمد غوری کی فتوحات کے نتیجے میں ختم ہوئیں۔ بعض کو دیگر مسلمان حکمرانوں نے یکے بعد دیگرے ختم کر ڈالا۔ اس طرح برصغیر میں ایک مضبوط اسلامی سلطنت قائم ہوئی۔

(vii) ہرش کے دور حکومت پر نوٹ لکھیں؟

جواب: راجہ ہرش کی حکومت

گپت سلطنت کے زوال کے بعد پورا ملک چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں بٹا ہوا تھا۔ ان میں ایک ریاست تھانیسر تھی۔ راجہ ہرش اپنے بھائی کی موت کے بعد 606ء میں 16 سال کی عمر میں حکمران بنا۔ وہ ہندومت کا پیروکار تھا اور بڑا عالم تھا۔

ہرش ہندوستان میں ہندومت کا آخری حکمران تھا۔ اس کی ریاست ابتدا میں دہلی کے شمال میں ہریانہ کے علاقے تک محدود تھی۔ اس کی بہن کی شادی قنوج کے حکمران خاندان میں ہوئی تھی۔ ایک جنگ میں اس کا بہنوئی مارا گیا تو ہرش نے شمال مشرقی علاقے کو اپنی ریاست میں شامل کرلیا۔ ہرش بنگال اور دوسری آزاد ریاستوں کو شکست دے کر اور ان کا اتحاد بنا کر سب کا حاکم بن گیا۔

(viii) سکندر اعظم یا اشوک پر نوٹ لکھیں؟

جواب: اشوک اعظم

اشوک کا تعلق موریہ خاندان سے تھا۔ باپ کے انتقال کے بعد وہ 273 ق م میں 20 سال کی عمر میں حکمران بنا۔ کالنگا کی لڑائی میں بہت لوگ مارے گئے۔ اس کشت وخون نے اس کے دماغ پر بہت اثر کیا اور اس نے بدھ مذہب اختیار کرلیا۔ اس نے اپنی باقی زندگی بدھ مت کی بہتری اور ترقی میں صرف کی۔ اس نے بدھ مت کے اصولوں کو عام کرنے کے لئے انہیں پتھر کے

Scanned with CamScanner

بڑے بڑے کتبوں پر کندہ کروایا۔ اس قسم کے کتبے مانسہرہ (ہزارہ) اور شہباز گڑھی (مردان) میں واقع ہیں۔ اشوک نے 40 سال تک حکومت کی وہ 233 ق م میں انتقال کر گیا۔

......باب 3......

......مسلمان جنوبی ایشیاء میں......

(حصہ اول)

سوال 1: صحیح اور غلط پر نشان لگائیں؟

(i) حجاج بن یوسف نے خلیفہ سے سندھ پر حملے کی اجازت نہیں لی۔ غلط ✓/ صحیح

(ii) محمود نے کشمیر پر حملہ کیا اور کامیابی حاصل کی۔ غلط ✓/ صحیح

(iii) فردوسی محمود غزنوی کا درباری شاعر تھا۔ غلط/ صحیح ✓

(iv) محمد غوری نے 1194ء میں قنوج اور بنارس کو فتح نہیں کیا۔ غلط ✓/ صحیح

(v) محمد غوری کی بنائی ہوئی سلطنت کئی صدیوں تک باقی رہی۔ غلط/ صحیح ✓

(vi) رضیہ کا تعلق ترکی سلجوق نسل سے تھا۔ غلط/ صحیح ✓

(vii) غیاث الدین بلبن کے عہد میں ہندوستان منگولوں کے حملوں سے محفوظ رہا۔ غلط/ صحیح ✓

سوال 2: خالی جگہ پر کریں؟

(i) حجاج کے.......... کے سبب محمد بن قاسم خلیفہ کے عتاب کا نشانہ بنا۔
(i) انتقال (ii) اقتدار (iii) اختلاف ✓

(ii) سلطان محمود غزنوی امیر سبکتگین کا .... تھا۔
(i) بھائی (ii) باپ (iii) بیٹا ✓

(iii) غور اس...... خطے کا نام ہے جو ہرات کے جنوب مشرق میں واقع ہے۔
(i) صحرائی (ii) پہاڑی ✓ (iii) پہاڑی جنگلی

(iv) سلطان محمد غوری نے ایک مستقل .... حکومت قائم کی۔
(i) لادینی (ii) اشتراکی (iii) اسلامی ✓

(v) محمود غزنوی نے.......... میں سارے پنجاب پر قبضہ کیا۔
(i) 1022ء (ii) 1021ء ✓ (iii) 1020ء

سوال 3: مختصر جواب دیں۔

(i) سندھ اور عرب کے درمیان کیا جغرافیائی تعلق ہے؟

جواب: سندھ کا ساحلی علاقہ جنوبی عرب کے نزدیک ہے۔ عرب تاجر ہندوستانی ساحلی علاقے سے سامان تجارت یمن لے جاتے تھے اور پھر زمینی راستے کے ذریعے مصر اور یورپ پہنچاتے تھے۔ ان تجارتی روابط کی وجہ سے مغربی ہندوستان کے لوگوں نے عربوں سے شناسائی حاصل کی اور ایک دوسرے کے مزاج سے واقف ہوئے۔

(ii) راجہ داہر کو کہاں اور کس نے شکست دی؟

جواب: راجہ داہر کو راوڑ کے مقام پر شکست ہوئی۔ وہ میدان جنگ میں مارا گیا۔ اس کو اسلامی فوج کے سالار محمد بن قاسم نے شکست دی تھی۔

(iii) سندھ میں مسلمانوں نے کیسا سلوک کیا؟

جواب: سندھ میں مسلمانوں نے ہندوؤں اور بدھوں سے غیر معمولی رواداری کا برتاؤ کیا۔ غیر مسلموں کو ہر طرح کی آزادی حاصل تھی۔ جزیہ ادا کرنے والوں کو جائیداد اور زمین رکھنے کے حقوق حاصل تھے۔ حکومتی اداروں میں مقامی لوگوں کو بھی ملازمتیں دی گئیں۔ مسلمان حکمران منصف مزاج تھے اور مقدمات کا فیصلہ اسلامی قوانین کے مطابق کیا جاتا تھا۔

(iv) سلطان محمود غزنوی نے پاک و ہند پر کتنے حملے کئے؟

جواب: سلطان محمود غزنوی نے 997ء سے 1030ء تک پاک و ہند پر سترہ حملے کئے۔ ان حملوں میں سومنات کی فتح اس کا سب سے یادگار حملہ تھا۔

(v) محمد غوری کے اوصاف مختصراً بیان کریں؟

جواب: سلطان شہاب الدین محمد غوری صحیح معنوں میں شمالی ہندوستان میں پہلی اسلامی حکومت کا بانی تسلیم کیا جاتا ہے۔ اس نے ہندوؤں کی فوجی طاقت راجپوتوں کو توڑ پھوڑ دیا۔ اس طرح اس کی بنائی ہوئی سلطنت کئی صدیوں تک قائم رہی۔ وہ بہت نیک دل، دیانت دار، خدا ترس اور منصف مزاج حکمران تھا۔ وہ اپنی رعایا اور فوج میں پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔

(vi) سلطان شہاب الدین محمد غوری کی شہادت کیسے ہوئی؟

جواب: ملتان میں کھوکھروں نے بغاوت کر دی تھی۔ سلطان محمد غوری ان کی سرکوبی کے لئے ملتان پہنچا۔ اس نے کھوکھروں کو شکست دی۔ اس مہم کے بعد جب وہ غزنی واپس جا رہا تھا تو جہلم کے قریب ایک کھوکھر نے گھات لگا کر اس پر حملہ کیا۔ جس سے وہ شدید زخمی ہو گیا اور 1206ء میں اس نے شہادت پائی۔

(vii) رضیہ سلطانہ کون تھی؟ اس نے کس طرح اقتدار حاصل کیا؟

جواب: رضیہ کا تعلق ترکی سلجوق نسل سے تھا وہ سلطان التمش کی بیٹی تھی۔ سلطان نے اپنے بیٹوں کی نااہلی کی وجہ سے اسے اپنا جانشین مقرر کیا۔ وہ 1236ء سے 1240ء تک سلطنت دہلی کی ملکہ رہی۔ اسلامی اور ترک تاریخ میں رضیہ پہلی خاتون ملکہ تھی۔

(viii) سلطان ناصر الدین کو باپ نے کیا خطاب دیا؟

جواب: سلطان ناصر الدین کو اس کے باپ نے مالک الشرق کا خطاب دیا۔ وہ بہت انصاف پسند اور خدا ترس انسان تھا۔ اس کی سادگی کا یہ حال تھا کہ اس کا کوئی ذاتی نوکر نہیں تھا۔ وہ قرآن پاک اپنے ہاتھوں لکھ کر اور ٹوپیاں سی کر اپنا خرچ چلاتا تھا۔

Scanned with CamScanner

سوال 4: درج ذیل کے تفصیلی جواب لکھیں۔

(i) حجاج بن یوسف نے سندھ پر حملے کا حکم کیوں دیا اور اس کا نتیجہ کیا نکلا؟

جواب: سندھ پر راجہ داہر کی حکومت تھی۔ وہ سمندری ڈاکوؤں کی سرپرستی کرتا تھا۔ ان ڈاکوؤں نے سری لنکا میں مقیم عرب تاجروں کے بال بچوں کا جہاز جو بصرہ جارہا تھا دیبل کی بندرگاہ کے قریب لوٹ لیا تھا اور عورتوں اور بچوں کو قیدی بنالیا تھا۔ اس کے علاوہ راجہ داہر نے اموی خلافت کے مخالفین کو بھی پناہ دے رکھی تھی۔ بصرے کے گورنر حجاج بن یوسف نے راجہ داہر کو قیدی عورتوں اور بچوں کو رہا کرنے اور تاوان دینے کے لئے اپنا ایلچی بھیجا لیکن راجہ داہر نے اپنی طاقت کے گھمنڈ اور اس غلط فہمی میں کہ بصرہ سے اسلامی لشکر نہیں آسکتا اس نے تمام الزامات مسترد کردیئے اور کوئی تعاون کرنے سے صاف انکار کردیا۔

حجاج بن یوسف نے خلیفہ ولید بن عبدالمالک سے اجازت لے کر اپنے بھتیجے محمد بن قاسم کو 12 ہزار کے لشکر کے ساتھ سندھ پر حملہ کرنے کے لئے بھیجا۔ اس لشکر کے ساتھ قلعے پر پتھر برسانے والی منجنیقیں بھی تھیں۔ 712ء کے موسم بہار میں عرب فوجوں نے دیبل کو فتح کیا اس کے بعد محمد بن قاسم نیرون کی طرف بڑھا۔ یہاں کے حاکم نے بغیر لڑائی کے قلعہ مسلمانوں کے حوالے کردیا عرب فوج نے دریائے سندھ پر پل بنا کر راوڑ (موجودہ حیدرآباد سندھ) کا رخ کیا۔ جہاں راجہ داہر کی فوج کے ساتھ مقابلہ ہوا۔ راجہ داہر میدان جنگ میں مارا گیا۔ راوڑ کی فتح کے بعد برہمن آباد فتح ہوا۔ اس طرح سندھ کا بیشتر علاقہ محمد بن قاسم نے فتح کرلیا۔

(ii) سلطان محمود غزنوی کے ہندوستان پر حملوں کا جائزہ پیش کریں؟

جواب: سلطان محمود غزنوی نے 997ء سے 1030ء تک برصغیر پاک و ہند پر 17 حملے کیے جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1) محمود غزنوی نے 1001ء میں پشاور کے مقام پر راجہ جے پال کو شکست دی۔ اور اس علاقے پر قبضہ کرلیا۔

2) سلطان نے 1004ء میں بھنڈا پر حملہ کیا اور اسے فتح کرلیا۔ راجہ باجی راؤ نے شکست کھائی اور خودکشی کرلی۔

3) سلطان نے 1005ء میں ملتان پر حملہ کیا اور یہاں کے حاکم کو شکست دی۔

4) حضرو کے مقام پر جے پال کے بیٹے انند پال کے ساتھ مقابلہ کیا اور ہندو فوج کو شکست دی۔

5) محمود نے 1009ء میں نگرکوٹ (کانگڑہ) پر حملہ کیا اور قلعہ پر قبضہ کرلیا۔

6) سلطان محمود نے 1010ء میں انند پال پر دوبارہ حملہ کیا۔ انند پال نے سلطان کی تابعداری قبول کی۔

7) سلطان محمود نے 1011ء میں ملتان پر دوبارہ حملہ کیا اور قلعے کے حاکم ابوالفتح کو قید کرلیا۔

8) سلطان نے 1012ء میں تھانیسر پر چڑھائی کی۔ راجہ بھاگ گیا اور تھانیسر پر قبضہ ہوگیا۔

9) سلطان نے 1013ء میں انند پال کے جانشین بھیم پال پر حملہ کیا۔ جہلم کے درمیان جنگ ہوئی۔ بھیم پال شکست کھا کر کشمیر کی طرف بھاگ گیا۔

10) سلطان نے 1015ء میں کشمیر پر حملہ کیا لیکن کوئی خاص کامیابی حاصل نہیں ہوئی۔

11) 1018-1019ء میں سلطان نے وادئ گنگ پر حملے کئے۔ متھرا، قنوج، اٹاوہ اور میرٹھ پر قبضہ کیا۔

12) محمود نے 1019ء میں کالنجر کے راجہ نندہ کو شکست دی۔

13) محمود نے 1021ء میں پورے پنجاب پر قبضہ کیا اور لاہور کو صدر مقام مقرر کر کے ایاز کو یہاں کا حاکم بنایا۔

14) سلطان نے 1022ء میں گوالیار پر حملہ کیا۔ راجہ نے اسے ہاتھی پیش کئے اور اپنی جان چھڑائی۔

15) سلطان محمود نے 1022ء میں کالنجر پر فوج کشی کی۔ راجہ نے تین سو ہاتھیوں کا تحفہ پیش کیا۔

16) دسمبر 1025ء میں سلطان نے سومنات پر کامیاب حملہ کیا۔ سلطان نے اپنے گرز کے وار سے سومنات کا بت پاش پاش کردیا (پنڈتوں نے محمود کو پیشکش کی تھی کہ اگر وہ بت کو نہیں توڑے گا تو وہ اسے بہت سونا چاندی دیں گے۔ سلطان محمود نے کہا کہ میں نہیں چاہتا کہ میرا نام تاریخ میں "بت فروش" ہو بلکہ میں "بت شکن" کہلانا پسند کرونگا۔ چنانچہ اس نے بت توڑ دیا)

17) سومنات سے واپسی پر جاٹوں نے محمود کو کافی پریشان کیا تھا۔ چنانچہ 1026ء میں اس نے دریائے سندھ میں جاٹوں کی تمام کشتیاں ڈبو دیں اور ان کو شکست دی۔

(iii) محمد غوری نے پاک و ہند میں جو فتوحات کیں ان کی تفصیل لکھیں؟

جواب: شہاب الدین غوری کی فتوحات

جب شہاب الدین غور غزنی کا حاکم بنا تو اس نے مندرجہ ذیل فتوحات حاصل کیں۔

1) 1175ء میں اس نے ملتان پر حملہ کیا۔ ملتان پر قبضہ کے بعد اس نے وہاں اپنا گورنر مقرر کیا اور سندھ پر حملہ کیا۔ ابتدا میں سارا سندھ اور پنجاب اس کے قبضے میں آ گیا۔

2) 1179ء میں اس نے پشاور پر قبضہ کیا۔ اس وقت شمالی ہندوستان میں چار بڑی ریاستیں تھیں جن میں دہلی، قنوج، گجرات اور اجمیر کی ریاستیں

Scanned with CamScanner

تھیں۔ دہلی اور اجمیر کی ریاستیں پرتھوی راج چوہان کے قبضے میں تھیں۔ قنوج کا حکمران جے چند تھا۔ پرتھوی راج چوہان جے چند کی بیٹی کو زبردستی اُٹھا کر لے گیا تھا جس پر جے چند نے شہاب الدین غوری کو دہلی پر حملے کرنے اور ہر طرح کی مدد دینے کا وعدہ کیا۔ ترائن کے مقام پر غوری اور پرتھوی راج کی فوجوں میں مقابلہ ہوا۔ جے چند نے کوئی مدد نہ کی اس طرح محمد غوری کو شکست ہوگئی۔

3) شہاب الدین محمد غوری نے اگلے سال پھر حملہ کیا۔ ترائن کے مقام پر سخت مقابلے کے بعد شہاب الدین غوری نے پرتھوی راج کو شکست دی۔ وہ میدان جنگ میں مارا گیا۔ اس طرح دہلی اور اجمیر کی ریاستیں غوری کے قبضے میں آگئیں۔

4) کچھ عرصے بعد غوری نے قنوج اور بنارس پر حملہ کیا اور انہیں فتح کر کے اپنی سلطنت میں شامل کر لیا۔

شہاب الدین غوری نے جرنیل اور غلام قطب الدین ایبک کو شمالی ہندوستان کے ان مفتوحہ علاقوں کا گورنر بنایا اور اس طرح پہلی مرتبہ ہندوستان میں اسلامی سلطنت قائم ہوئی۔ 1206ء میں شہاب الدین کھوکھروں کی بغاوت کو کچلنے کے بعد غزنی جا رہا تھا کہ جہلم کے قریب ایک کھوکھر نے اس کے خیمے میں گھس کر اسے شہید کر دیا۔

(iv) قطب الدین ایبک یا شمس الدین التمش پر نوٹ لکھیں؟

جواب: قطب الدین ایبک

قطب الدین ایبک ایک غلام تھا۔ اسے نیشاپور کی منڈی میں قاضی شہر نے خریدا تھا۔ قاضی نے اس کی پرورش اچھے طریقے سے کی۔ قاضی کی موت کے بعد ایک تاجر اسے غزنی لے آیا اور محمد غوری کے ہاتھ بیچ دیا۔ قطب الدین فوجی مہمات کے دوران ہمیشہ غوری کے ساتھ رہتا تھا شمالی ہند کی فتوحات میں اس نے بڑے کارنامے سرانجام دیے جن کی بنا پر غوری نے اسے مفتوحہ علاقوں کا نائب السلطنت مقرر کیا۔ محمد غوری کی وفات کے بعد وہ ایک عظیم سلطنت کا وارث بنا اور تاریخ میں خاندان غلاماں کا بانی کہلاتا ہے۔ اس نے چار سال میں سلطنت کی حدود بنگال تک بڑھا دی تھیں۔ 1210ء میں وہ لاہور میں پولو کھیلتے ہوئے گھوڑے سے گرا اور فوت ہو گیا۔ اس کا مقبرہ لاہور میں انار کلی بازار کی ایک سڑک پر واقع ہے۔

اس کی سلطنت میں ہر طرف امن وامان اور خوشحالی کا دور دورہ تھا وہ بڑا سخی اور علم دوست انسان تھا۔ اسے اسلام سے بڑی وابستگی تھی۔

(v) رضیہ سلطانہ نے اقتدار کیسے حاصل کیا؟ اور اس کے کردار کا جائزہ لیں؟

جواب: رضیہ سلطانہ

یہ سلطان التمش کی بیٹی تھی۔ اس کو باقاعدہ فوجی اور انتظامی تربیت دی گئی تھی۔ جب التمش نے اپنے بیٹوں کی نااہلی کی وجہ سے رضیہ کو اپنا جانشین نامزد کیا تو ترک امراء ایک خاتون کو تخت نشین کرنے کے لئے تیار نہ تھے۔ جونہی التمش کا انتقال ہوا تو امرائے دربار نے اس کے بیٹے رکن الدین فیروز شاہ کو تخت پر بٹھا دیا۔ اس کی نااہلی کی وجہ سے لاہور ملتان اور دیگر علاقوں کے گورنروں نے بغاوت کر دی۔ جیسے ہی رکن الدین بغاوت دبانے کے لئے دہلی سے باہر نکلا تو دہلی کے لوگوں نے رضیہ سلطانہ کو تخت پر بٹھا دیا۔ اس نے عوام سے اپنی تخت نشینی کی درخواست کی چنانچہ لوگوں نے اس کی بیعت کی اور اسے اقتدار حاصل ہو گیا۔ فیروز شاہ کو واپسی پر گرفتار کر کے قتل کر دیا گیا۔

رضیہ سلطانہ عظیم حکمران تھی۔ اس نے مدد سے، علمی مراکز اور تحقیقی مراکز قائم کئے۔ امن قائم کیا۔ رفاہ عام کے بہت کام کئے۔ تجارت کی حوصلہ افزائی کی۔ لڑائی میں فوج کی کمان خود کرتی تھی۔ لاہور کے گورنر نے بغاوت کی لیکن رضیہ نے بغاوت کو کچل دیا۔ بعض امراء رضیہ کی بے پردگی کو ناپسند کرتے تھے۔ اور جب رضیہ نے یاقوت نامی غلام کو اعلیٰ عہدے پر مقرر کیا تو وہ اور بھی خفا ہو گئے۔ بھٹنڈا کے حاکم التونیہ نے بغاوت کی۔ اس نے یاقوت کو قتل کر کے رضیہ سلطانہ کو گرفتار کر لیا۔ بعد میں رضیہ نے اس سے شادی کر لی۔

دہلی میں اس وقت رضیہ کا بھائی بہرام تخت نشین تھا۔ رضیہ التونیہ کے ساتھ فوج لے کر دہلی کی طرف بڑھی لیکن ان کو شکست ہوئی اور وہ دونوں میدان جنگ سے بھاگ گئے بعد میں ان دونوں کو ہندو لیٹروں نے قتل کر دیا۔ رضیہ سلطانہ کا انتقال 1240ء میں ہوا۔

(vi) غیاث الدین بلبن کے دور میں منگولوں سے تحفظ کے لئے کیا اقدامات اٹھائے گئے؟

جواب: غیاث الدین بلبن:

بلبن ایک ترک قبیلے کے سردار کا بیٹا تھا۔ بچپن میں منگولوں نے اسے پکڑ لیا اور بغداد میں کسی کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ بعد میں التمش نے اسے خرید لیا جلد ہی بلبن نے اپنی بہادری اور قابلیت سے التمش کو متاثر کیا۔ التمش نے اپنے آقا قطب الدین ایبک کے کہنے پر بلبن کو غلامی سے آزاد کر دیا اور اس کی ایک شہزادے کی طرح پرورش کی۔ بعد میں اپنی بیٹی کی شادی بھی اس سے کر دی۔ اس کو نائب السلطنت کے عہدے پر مقرر کیا۔ اس نے منگولوں کے دو حملوں کو پسپا کر کے بہت مشہوری حاصل کی۔ سلطان ناصر الدین نے تمام شاہی اختیارات اسے دے رکھے تھے۔ بلبن نے 20 برس تک بڑی دیانت داری سے اپنے فرائض سرانجام دیئے۔

بلبن کا دور حکومت:

1266ء میں جب بلبن تخت نشین ہوا تو مرکزی حکومت کمزور پڑ چکی تھی۔ ملک میں بدامنی تھی اور منگولوں کے حملوں اور لوٹ مار سے تمام لوگ پریشان تھے۔ بلبن نے منگولوں کو روکنے کے لئے بڑے موثر انتظامات کئے اس

Scanned with CamScanner

نے راولپنڈی سندھ کے ساتھ ساتھ مضبوط دفاعی چوکیاں بنوائیں۔ کئی جگہوں پر مضبوط قلعے بنائے۔ بلبن کی سرحدی حکمت عملی بہت کامیاب رہی۔ منگول جب بھی ہندوستان پر حملہ آور ہوئے انہیں شکست اٹھانی پڑی۔ جب تک بلبن زندہ رہا منگول کوئی بھی کامیابی حاصل نہ کر سکے۔ منگولوں کے علاوہ بلبن نے میواتی ڈاکوؤں کو بھی دہلی کے آس پاس سے بھگا دیا۔ اس کے زمانے میں سڑکوں پر کوئی لٹیرا دکھائی نہیں دیتا تھا لیکن اس کا سب سے بڑا کارنامہ منگولوں کے حملوں کا کامیاب مقابلہ تھا۔

......باب 4......

......مسلمان جنوبی ایشیاء میں......

......(حصہ دوم)......

......مشقی سوالات کے جوابات......

سوال 1: صحیح / غلط پر نشان لگائیں۔

(i) ملک غازی، غیاث الدین کا لقب اختیار کر کے خود تخت پر بیٹھ گیا۔
(صحیح ✓، غلط)

(ii) فیروز شاہ تغلق کے عہد میں ہندوستان منگولوں کے حملوں سے محفوظ رہا۔
(صحیح ✓، غلط)

(iii) 1369ء میں بہلول چغتائیوں کے امیر کی حیثیت سے تخت پر بیٹھا۔
(صحیح، غلط ✓)

(iv) بہلول دہلی کا پہلا پختون بادشاہ تھا۔ (صحیح ✓، غلط)

(v) مغل بادشاہ جہانگیر نے 1586ء میں کشمیر کو مغل سلطنت میں شامل کیا۔ (صحیح، غلط ✓)

سوال 2: خالی جگہوں کو پر کریں۔

(i) مبارک شاہ خلجی اس خاندان کا تیسرا اور......سلطان تھا۔ (آخری)

(ii) تیمور کے حملے سے خاندان...... پر زوال آ گیا۔ (تغلق)

(iii) ابراہیم لودھی سلطنت...... کا آخری سلطان تھا۔ (لودھی)

(iv) سکندر لودھی علم و فن کا...... تھا۔ (قدردان)

(v) بہمنی حکومت............سال تک قائم رہی۔ (200)

سوال 3: کالم ملائیں۔

	کالم الف	کالم ب
i	امیر	تیمور
ii	ثمر قند	ازبکستان
iii	ابراہیم	لودھی
iv	محمد بن تغلق	دولت آباد
v	بابر	1526ء

سوال 4: مختصر جواب دیں۔

(i) علاؤالدین خلجی کون تھا؟

جواب: علاؤالدین خلجی سلطان فیروز شاہ خلجی کا بھتیجا تھا۔ اس نے اپنے چچا کو 1296ء میں قتل کیا اور خود بادشاہ بن گیا۔ اس نے 1296ء سے 1316ء تک حکومت کی۔ اس کے زمانے میں خلجی سلطنت کو بہت وسعت حاصل ہوئی۔ اس نے دکن اور بہت سے علاقے فتح کیے۔

(ii) غیاث الدین تغلق کون تھا؟

جواب: اس کا اصل نام ملک غازی تھا۔ خلجی دور میں وہ دیپالپور کا گورنر تھا۔ جب خسرو مبارک شاہ کو قتل کر کے تخت پر بیٹھا تو ملک غازی نے خسرو کو قتل کر دیا اور حکومت پر قبضہ کر لیا۔ ملک غازی نے غیاث الدین کا لقب اختیار کیا اور اس نے تغلق خاندان کی حکمرانی کی بنیاد رکھی۔

(iii) امیر تیمور کے حملے سے دہلی کا کیا حال ہوا؟

جواب: تیمور علاقے فتح کرتا ہوا دہلی میں بطور فاتح داخل ہوا۔ اس کا ارادہ نہیں تھا کہ دہلی میں قتل اور غارت گری کرے لیکن کسی معمولی سی بات پر اس کی فوج اور شہریوں کے درمیان ٹکراؤ ہو گیا۔ تیمور نے شہر کو لوٹنے کا حکم دیا۔ تیمور کی فوج نے کئی دن تک قتل اور لوٹ مار کا بازار گرم رکھا۔ شہریوں کے گھر اچھی طرح سے لوٹ کر تیمور بہت سامان و اسباب اپنے ساتھ سمرقند لے گیا۔

(iv) بہلول کون تھا؟

جواب: سید خاندان کے دور میں بہلول لودھی سرہند کا گورنر تھا۔ سادات خاندان کا آخری سلطان علاؤالدین شاہ تخت سے بہلول کے حق میں دستبردار ہو گیا۔ اس طرح لودھی خاندان نے دہلی کی حکومت حاصل کر لی۔ بہلول لودھی بڑا خدا ترس اور عقل مند سلطان تھا۔ لودھی خاندان کا آخری سلطان ابراہیم لودھی تھا جسے بابر نے شکست دے کر ہندوستان میں مغلیہ سلطنت کی بنیاد رکھی۔

(v) کس نے آگرہ شہر کی تعمیر کی منظوری دی تھی؟

جواب: آگرہ شہر کی تعمیر کی منظوری لودھی خاندان کے دوسرے سلطان سکندر لودھی نے دی تھی۔

(vi) بہمنی سلطنت کو بہمنی نام کیوں دیا گیا؟

جواب: بہمنی دکن کا ایک اہم علاقہ تھا۔ حسن نے بہمنی کی آزادی کا اعلان کیا اور وہاں کا حاکم بن گیا۔ حسن گنگو ایران کے قدیم بادشاہ بہمن بن اسفندیار کے خاندان سے تھا اس لئے یہ سلطنت بہمنی سلطنت کہلائی۔

سوال 5: مندرجہ ذیل کے تفصیلی جوابات دیں۔

(i) علاؤالدین خلجی کی حکومت پر نوٹ لکھیں؟

جواب: علاؤالدین خلجی سلطان فیروز شاہ خلجی کا بھتیجا تھا۔ اپنے چچا کو راستے سے ہٹانے کے بعد وہ 1296ء میں بادشاہ بنا۔ اس نے 1296ء سے

1316 تک حکومت کی۔ اس کی دور میں سلطنت کو بہت وسعت ہوئی اسنے دکن کی ریاستیں اور مہاراشٹر فتح کیا۔ علاؤالدین کے دور میں منگولوں نے چھ مرتبہ ہندوستان پر بھرپور حملے کئے لیکن ہر مرتبہ انہیں شکست اُٹھانی پڑی۔ منگولوں کے حملوں سے بچنے کے لئے اس نے کئی موثر اقدامات کئے اس نے ایک منظم فوج تیار کی، دہلی کے قلعوں کی مرمت کروائی اور منگولوں کے راستے پر نئے قلعے تعمیر کرائے۔ اس نے غازی ملک کو پنجاب کا گورنر مقرر کیا تاکہ وہ منگولوں کے راستے پر نئے قلعے تعمیر کرائے۔ اس نے غازی ملک کو پنجاب کا گورنر مقرر کیا تاکہ وہ منگولوں پر نظر رکھے۔

علاؤالدین خلجی نے اپنے جرنیل ملک کافور کو دکن کی مہم پر روانہ کیا۔ اس نے دیوگری کے ہندو راجہ کو شکست دی اور اس کی بیٹی کی شادی سلطان کے بیٹے خضر خان سے کروائی۔ علاؤالدین نے انتظامی امور چلانے کے لئے محکمہ جاسوسی کو منظم کی۔ ملک کو صوبوں میں تقسیم کیا۔ ہر صوبہ ضلعوں میں تقسیم تھا۔ علاؤالدین کا انتقال 1316ء میں ہوا۔

(ii) امیر تیمور کے حملے کا ذکر کریں؟

جواب: امیر تیمور:

تیمور ترک نسل سے تعلق رکھتا تھا۔ وہ ایک ٹانگ سے لنگڑا تھا اس لئے لوگ اسے تیمر لنگ کہتے تھے۔ تاریخ میں تیمور دنیا کا سب سے بڑا فاتح ہے۔ اس کے زیر تحت اٹھائیس ممالک اور بتیس قومیں تھیں اس کا پایہ تخت سمرقند تھا۔

تیمور نے جب تغلق بادشاہوں کی کمزوری اور ملک میں بدامنی کا حال سنا تو اس نے ہندوستان پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا۔ سب سے پہلے تیمور کے پوتے پیر محمد خان نے پیش قدمی کر کے ملتان اور دیپال کے مضبوط قلعوں کو فتح کیا۔ اس کے بعد تیمور دہلی پہنچا یہاں اس کا مقابلہ محمود تغلق نے کیا لیکن شکست کھا کر گجرات کی طرف بھاگ گیا۔ تیمور ایک فاتح کی حیثیت سے دہلی میں داخل ہوا۔ دہلی کے لوگوں نے تیمور کے چند سپاہی مار دیئے جس پر تیمور نے دہلی میں قتل اور لوٹ مار کا حکم دے دیا۔ تیمور کی فوج نے کئی دن تک دہلی کو خوب لوٹا کھسوٹا اور ہزاروں شہریوں کو قتل کر دیا۔ تیمور بے شمار مال و اسباب لوٹ کر اپنے ساتھ لے گیا جاتے وقت اپنے ساتھ ہندوستانی کاریگر بھی قیدی بنا کر لے گیا تاکہ وہ سمرقند کے لوگوں کو کاریگری سکھائیں۔

تیمور کے جانے کے بعد محمود تغلق واپس دہلی آیا لیکن اس حملے کے بعد تغلقوں کا وقار جاتا رہا۔ محمود تغلق کے وفات کے ساتھ ہی تغلق خاندان کی سلطنت بھی ہمیشہ کے لئے ختم ہوگئی۔

(iii) فیروز شاہ تغلق کی اہم اصلاحات قلم بند کریں؟

جواب: فیروز شاہ تغلق کی اصلاحات

سلطان فیروز شاہ بڑا نیک اور رحم دل انسان تھا۔ اس نے جو قانونی اصلاحات کیں ان سے اس کی رحم دلی کا پتہ چلتا ہے۔ اس نے حصول انصاف کو آسان بنا دیا۔ علماء اور فضلاء کی سرپرستی کی۔ درس گاہیں اور دارالعلوم بنائے۔ بیماروں کے مفت علاج کے لئے دہلی میں ایک بڑا ہسپتال قائم کیا۔ ان تمام کوششوں کی وجہ سے ملک میں امن وامان اور خوشحالی آ گئی۔

فیروز شاہ کے عہد میں ہندوستان منگولوں کے بیرونی حملوں سے محفوظ رہا۔ اسے جنگ و جدل سے نفرت تھی۔ وہ امن کا قائل تھا۔ ملک کے انتظامی معاملات میں اسے بہت بلند مقام حاصل ہے۔

(iv) لودھی سلطنت پر روشنی ڈالیں؟

جواب: لودھی افغانوں کا ایک دولتمند قبیلہ تھا۔ بہلول لودھی سرہند کا گورنر تھا۔ سادات خاندان کے آخری حکمران علاؤالدین شاہ کے خلاف جب امراء نے سازشیں شروع کیں تو اس نے خود ہی دہلی کا تخت بہلول لودھی کے سپرد کر دیا۔ بہلول لودھی نے اقتدار سنبھالتے ہی بغاوت برپا کرنے والے امراء اور جاگیرداروں کو کچل دیا۔ اس طرح بہلول لودھی سے لودھی خاندان کی حکومت شروع ہوئی۔

اس خاندان میں کل تین سلطان تھے جن میں بہلول، سکندر اور ابراہیم شامل تھے۔ ان تینوں نے 1451ء سے 1526ء تک تقریباً 75 برس حکومت کی۔ ابراہیم لودھی اس خاندان کا آخری حکمران تھا جسے بابر نے 1526ء میں پانی پت کی پہلی جنگ میں شکست دے کر ہندوستان پر قبضہ کر لیا۔

(v) سلطنت دہلی کے زوال کے اسباب بیان کریں؟

جواب: سلطنت دہلی کے زوال کی اہم وجوہات مندرجہ ذیل ہیں۔

1) دہلی سلطنت کی کامیابی یا ناکامی کا دارومدار سلطان کی ذاتی صلاحیتوں اور اس کی شخصیت پر منحصر ہوتا تھا۔ سلطنت کے انتظام کے لئے کوئی باقاعدہ دستور موجود نہیں تھا۔

2) اقتدار منتقل کرنے کو کوئی باقاعدہ قانون نہ تھا۔

3) محمد بن تغلق نے جو پالیسی اختیار کی اس کی وجہ سے بنگال اور دکن کے لوگوں نے تغلق کی وفات کے بعد آزادی کا اعلان کیا۔

4) اکثر صوبوں کو زیادہ اختیارات حاصل رہے جس کی وجہ سے وہ ہمیشہ مرکزی حکومت کے لئے دردِ سر بنے۔

5) عیش و عشرت نے مسلمانوں کو آرام پسند بنا دیا تھا۔ ہندوؤں نے ہمیشہ مسلمان حکمرانوں کے خلاف کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیا۔ راجپوت ہمیشہ آزادی کی فکر میں اور ساز باز میں مصروف رہتے تھے۔

6) امراء اور جرنیلوں کی عیاشی نے انہیں آرام طلب اور کمزور بنا دیا تھا۔ ان کی توجہ فوج کی تربیت اور جفاکشی سے ہٹ گئی تھی۔ اس طرح فوج بھی کمزور ہو چکی تھی۔

Info
HUD HRMS STS SED
Scanned with CamScanner

7) قبائلی اور قومی تعصب نے سلطنت دہلی کی تباہی میں سب سے بڑا کردار ادا کیا۔ مسلمان کبھی بھی آپس میں اتفاق پیدا نہ کر سکے۔ تغلق، خلجی اور ترک آپس میں اقتدار کے لئے لڑتے جھگڑتے تھے۔

8) بیرونی حملوں خاص کر تیمور اور مغلوں کے حملوں نے سلطنت دہلی کی اینٹ سے اینٹ بجادی۔

(vi) آزاد راجپوت ریاستوں کا حال بیان کریں؟

جواب: دہلی سلطنت کے زوال کے ساتھ برصغیر کئی آزاد ریاستوں میں تقسیم ہوا۔ ان میں آزاد راجپوت ریاستیں مندرجہ ذیل تھیں۔

(1) گجرات (2) میواڑ

گجرات:

1401ء میں وہاں کے ایک راجپوت گورنر ظفر خان مظفر شاہ نے آزادی کا اعلان کیا تھا۔ 1411ء میں اس کا پوتا احمد شاہ تخت نشین ہوا۔ اس کے دور میں احمد آباد شہر کی بنیاد رکھی گئی۔

میواڑ:

اس ریاست پر ہندو راجپوت راجے حکومت کرتے تھے۔ ان کا پایہ تخت چتوڑ تھا جو اپنے محل وقوع کے لحاظ سے بڑا مضبوط تھا۔ صرف تین مسلمان بادشاہ اسے مختلف وقت میں فتح کرنے میں کامیاب ہوئے۔ پہلی مرتبہ علاؤالدین خلجی نے فتح کیا۔ اور آخری مرتبہ اکبراعظم نے اسے فتح کر کے اپنی سلطنت میں شامل کیا تھا۔

......باب 5......

......سماجی وثقافتی ترقی......

(799ء - 1526ء)

......مشقی سوالات کے جوابات......

سوال 1: خالی جگہ پر کریں۔

(i) صوفی عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی ہیں.......... (اون)

(ii) حضرت داتا گنج بخش نے 1079ء میں وفات پائی۔ آپ کا مزار ...... میں ہے۔ (لاہور)

(iii) ......قوت الاسلام کی بنیاد قطب الدین ایبک نے رکھی تھی۔ (مسجد)

(iv) فیروز تغلق نے دیواروں پر.......... کی تصاویر بنانے پر پابندی لگادی۔ (جاندار اشیاء)

(v) دیوان......... عدل وانصاف کے متعلق تھا۔ (قضا)

سوال 2: درست جواب تلاش کریں۔

(i) وسط ایشیاء سے اہل علم وفن (انگریزوں، یہودیوں، منگولوں ✓) کے حملوں کی وجہ سے ہندوستان میں پناہ لینے پر مجبور ہوئے۔

(ii) شعر وادب کی دنیا میں مشہور شخصیت (امیر خسرو ✓، محمد تغلق، علاؤالدین خلجی) تھے۔

(iii) امیر خسرو نے (باجہ، ریڈیو، ستار ✓) ایجاد کیا۔

(iv) امیر حسن دہلوی بھی اپنے عہد کے مشہور غزل گو (موسیقار، ادیب، شاعر ✓) تھے۔

(v) دیوان برید محکمہ (عدل وانصاف، تعلیم، ڈاک ✓) کے متعلق تھا۔

سوال 3: کالم ملائیں

	(کالم الف)	(کالم ب)	درست جواب
(i)	سلاطین	ایشیاء	دہلی
(ii)	وسطی	زکوۃ	ایشیا
(iii)	ابوریحان	دہلی	البیرونی
(iv)	دارالشفاء	البیرونی	مفت علاج
(v)	عشر	مفت علاج	زکوۃ

سوال 4: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

(i) تصوف سے کیا مراد ہے؟

جواب: تصوف اس مذہبی عمل کا نام ہے جس کے ذریعے صوفی دنیاوی کاموں سے بے نیاز ہو کر ذکر اور عبادات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل کرتے ہیں۔

(ii) تصوف کے مشہور سلسلوں کے نام لکھیں؟

جواب: تصوف کے مشہور سلسلے مندرجہ ذیل ہیں۔

1) نقش بندیہ سلسلہ 2) چشتیہ سلسلہ

3) قلندریہ سلسلہ 4) قادریہ سلسلہ

(iii) لال شہباز قلندر کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: حضرت لال شہباز قلندر مروند (افغانستان) میں 1177ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کا نام سید عثمان تھا اور والد کا نام سید کبیر تھا۔

(iv) اڑھائی دن کا جھونپڑا کیا ہے؟ اور کس نے تعمیر کیا؟

جواب: یہ اجمیر کی ایک مسجد کا نام ہے یہ سلطان التتمش نے اڑھائی دن میں تعمیر کروائی تھی۔

(v) دیوان عرض سے کیا مراد ہے؟

جواب: یہ حکومت کا ایک محکمہ تھا جس کا تعلق فوج سے تھا۔ یہ محکمہ سال میں ایک بار تمام فوج کا معائنہ کرتا تھا اور اس کی رپورٹ سلطان کو پیش کی جاتی تھی۔

(vi) ہندوؤں نے امیر خسرو کو کیا لقب دیا تھا؟

جواب: امیر خسرو نے تقریباً ایک درجن فارسی دھنیں ہندی موسیقی میں متعارف

Info Hub HRMS STS SED

Scanned with CamScanner

کرائیں۔ ہندوؤں نے آپ کو نائیک کا لقب دیا جو ہندوستان کے مشہور موسیقار تان سین کو بھی نہیں ملا تھا۔

سوال 5: مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات لکھیں؟

(i) تصوف کے اہم سلسلے تفصیل سے بیان کریں؟

جواب: تصوف کے اہم سلسلے مندرجہ ذیل ہیں۔

1) نقش بندیہ سلسلہ:

اس سلسلے کے بانی بہاء الدین نقش بند ہیں۔ خواجہ محمد باقی باللہ نے یہ سلسلہ برصغیر میں متعارف کرایا۔ اس سلسلے کی ایک اہم شخصیت شیخ احمد سرہندی ہیں جو مجدد الف ثانی کے نام سے مشہور ہیں۔ شاہ ولی اللہ کا تعلق بھی اسی سلسلے سے تھا۔

2) چشتیہ سلسلہ:

اس سلسلے کے بانی خواجہ ابو ابدال چشتی ہیں۔ برصغیر پاک و ہند میں آپ کے مرید خواجہ معین الدین چشتی اس سلسلے کے بانی ہیں۔ خواجہ نظام الدین اولیا، قطب الدین اور فرید الدین اس سلسلے کے مشہور نام ہیں۔

3) قلندریہ سلسلہ:

یہ سلسلہ کشمیر کے صوفی شیخ بابا سلطان نے شروع کیا۔ وہ صوفی جو مارا مارا پھرتا ہے اسے قلندر کہتے ہیں۔ اسی نسبت سے اس سلسلے کا نام قلندریہ پڑ گیا۔

4) قادریہ سلسلہ:

یہ سلسلہ شیخ عبدالقادر جیلانی سے منسوب ہے۔ آپ کا مزار بغداد میں ہے علامہ اقبال کا تعلق اسی سلسلے سے تھا۔

5) سہروردیہ سلسلہ:

اس سلسلے کی بنیاد شہاب الدین سہروردی نے رکھی۔ برصغیر میں یہ سلسلہ بہاء الدین ذکریا ملتانی نے متعارف کیا۔

(ii) حضرت بہاء الدین زکریا یا حضرت بابا فرید گنج شکر پر نوٹ لکھیں۔

جواب: **حضرت بہاء الدین زکریا:**

آپ 1182ء میں ملتان میں پیدا ہوئے۔ آپ بلند پایہ عالم فاضل تھے۔ برصغیر میں تصوف کا سلسلہ سہروردیہ آپ ہی نے متعارف کرایا۔ آپ نے سات سال کی عمر میں قرآن شریف حفظ کیا۔ حصول علم کے لئے آپ نے کئی ممالک کا سفر کیا۔ آپ سترہ دن تک حضرت شہاب الدین سہروردی کی خدمت میں رہے۔ آپ کا مزار ملتان میں ہے۔

(iii) سائنس اور طب میں ہندوستان کے مسلمانوں نے جو کامیابیاں حاصل کیں ان پر نوٹ لکھیں؟

جواب: **سائنس اور طب کی ترقی:**

سلاطین دہلی بڑے علم دوست تھے۔ دہلی، ملتان، لاہور، لکھنؤ اور اجمیر میں بڑی بڑی درسگاہیں موجود تھیں۔ انہوں نے سائنسی علوم کی طرف بھی توجہ دی البیرونی کی کتاب ''کتاب الہند'' میں ہندوستان کے متعلق مکمل کوائف ملتے ہیں۔ محمود غزنوی بھی علم ادب کا سرپرست تھا۔ بوعلی سینا جیسا ماہر طب غزنوی دور کا ایک روشن ستارہ ہے عباسی دور میں ہندوستان سے طبیبوں کو بغداد بلا کر سنسکرت میں لکھی طب کی کتابوں کا عربی میں ترجمہ کیا گیا۔ علاؤالدین خلجی کے دور کے طبیبوں اور جراحوں میں مولانا بدر الدین اور مولانا حمید مطرب کے نام بڑے قابل ذکر ہیں۔

(iv) سلطنت دہلی کے دور میں مشہور عمارات پر نوٹ لکھیں۔

جواب: برصغیر کے مسلمان حکمرانوں نے ایک ایسے فن تعمیر کی بنیاد رکھی جو اسلامی اور ہندی فنون کا مرکب تھا۔ سلاطین دہلی نے اپنے دور میں جو عمارتیں تعمیر کیں ان میں مسجد قوۃ الاسلام (دہلی) کی بنیاد قطب الدین ایبک نے رکھی اور اس کی تکمیل التمش کے عہد میں ہوئی۔ اس عہد کی دیگر عمارات میں قطب مینار، اڑھائی دن کا جھونپڑا (اجمیر کی مسجد) اور مدرسہ ناصریہ قابل ذکر ہیں۔ تغلق عہد میں طرز تعمیر بدل گیا اس عہد میں عمارتیں عظیم الشان لیکن سادہ تعمیر کی گئیں۔ اس دور کی عمارات میں مقبرہ غیاث الدین، فیروز شاہ کوٹلہ، مدرسہ فیروز شاہ، بیگم پوری مسجد اور خان جہان کی مساجد قابل ذکر تھیں۔

(v) سلطنت دہلی میں مصوری اور موسیقی پر نوٹ لکھیں؟

جواب: سلاطین دہلی کے دور میں فن مصوری کی جانب بھی توجہ دی گئی۔ اس زمانے میں دیواروں پر جاندار اور بے جان اشیاء کی تصویریں بنائی جاتی تھیں۔ فیروز تغلق نے دیواروں پر جاندار اشیاء کی تصاویر بنانے پر پابندی لگا دی۔ فن مصوری کو مغلیہ دور میں بڑی ترقی حاصل ہوئی۔

مسلمان ہندوستان میں اپنے ساتھ اپنی موسیقی بھی لائے لیکن اس سے پہلے ہندوستان میں موسیقی کا اپنا ایک مقام تھا۔ عربوں نے ہندوستان میں موسیقی کے نئے آلات متعارف کرائے امیر خسرو نے فارسی اور ہندی فنون کو ملانے کی کوشش کی اور اس طرح موسیقی کا ایک نیا انداز پیدا کیا جو ہندوستان کی قومی موسیقی کے نام سے پہچانا جاتا ہے۔ ستار بھی امیر خسرو کی ایجاد ہے۔ سلطان محمد تغلق کے عہد میں دربار میں سے سب سے بڑا موسیقار امیر شمس الدین تبریزی تھا۔

(vi) ہندوستان میں مسلمانوں نے جو انتظامی ڈھانچہ پیش کیا اس پر نوٹ لکھیں۔

جواب: سلاطین دہلی نے ہندوستان میں ایک نیا انتظامی ڈھانچہ متعارف کیا جو صدیوں تک بڑی کامیابی کے ساتھ قائم رہا۔ انتظامی ڈھانچہ کی تنظیم اس طرح تھی۔

1) مرکزی نظام:

Info
Hub HRMS SIS SED

Scanned with CamScanner

سلطان خلیفہ کا نائب سمجھا جاتا تھا لیکن فوجی، سیاسی اور مذہبی معاملات میں "مطلق العنان ہوتا تھا۔ اس کے اختیارات غیر محدود ہوتے تھے۔ وہ انتظامیہ، عدلیہ اور افواج کا سربراہ ہوتا تھا۔ سلطان وزیر کی تقرری کرتا تھا جو براہ راست سلطان کو جواب دہ ہوتا تھا۔

2) **صوبائی نظام:**

سلاطین دہلی کے وقت ملک کئی صوبوں میں تقسیم ہوتا تھا۔ ہر صوبہ ایک گورنر کے ماتحت ہوتا تھا۔ گورنر کا تقرر سلطان خود کرتا تھا۔ اکثر گورنر شاہی خاندان کے افراد میں سے ہوتے تھے۔

3) **مالیاتی نظام:**

سلاطین دہلی نے شرعی حدود کے اندر آمدنی کے ذرائع مقرر کیے۔ آمدنی کے بڑے بڑے ذرائع مندرجہ ذیل تھے۔

(i) خراج اور جزیہ: یہ ٹیکس غیر مسلموں سے وصول کیا جاتا تھا۔

(ii) عشر و زکوۃ: یہ مسلمانوں سے وصول کیا جاتا تھا۔

(iii) عشور: یہ ٹیکس تجارتی مال پر لگایا جاتا تھا۔

(iv) لگان: یہ کل پیداوار کا 1/5 سے 1/2 تک تھا۔

فوجی نظام:

